NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

ہمارے نئے اساتذہ کی بھرتیاں

نیو یارک کے عزیز مکین،

آج ہم کیرئیر ڈسکوری ویک کا اختتام کرنے والے ہیں، اب تک 3,000 سے زائد ہائی اسکول کے طلبا ملازمت کی دنیا کی بارے میں براہ راست جاننے کے لیے آجروں سے ملاقات کر چکے ہوں گے۔ پیر کے دن، نیو یارک شہر کے ساتھ شراکت میں ہمارے معاون منتظمین کے ساتھ مل کر، میں نے ایویئشن ہائی اسکول اور MESA چارٹر ہائی اسکولوں کے ان طلبا سے خطاب کیا تھا، جنہوں نے JFK ہوائی اڈے پر ایک ہوائی جہاز کا دورہ کیا — اور ایویئشن المنائی سے ملاقات کی، جو اب JetBlue میں کام کر رہے ہیں!

اب جب کہ اس شہر کے تمام آجرین ہمارے ہنرمند NYCPS طلبا سے ملاقات کر رہے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ یہ بہترین وقت ہے کہ میں خود بھی چند بھرتیاں کروں۔ مجھے آپ کو یہ بتاتے ہوئے بہت خوشی ہو رہی ہے کہ 2024-2025 تعلیمی سال کے لیے ہماری نئے استاد کی درخواست اب دستیاب ہے، اور ہر کسی کے لیے کھلی ہے جس کے پاس نیویارک اسٹیٹ ٹیچر سرٹیفکیشن ہے یا ستمبر تک سرٹیفائی ہونے والا ہے۔ (ہمارے موجودہ ہائی اسکول کے طلبا کے لیے، خصوصاً ان کے لیے جو ہمارے FutureReadyNYC education pathway (پروگرام) میں ہیں، برائے مہربانی آئندہ آنے والے چند سالوں میں ہمیں اپنے ذہن میں رکھیں!)

آپ اس موقع کی تشہیر کرنے میں ہماری مدد اس طرح کر سکتے ہیں:

- کسی این وائی ریاستی سندیافتہ استاد کو (اور استاد بننے کے خواہش مند افراد کو فلائر اور سائن اپ لنک فلائر اور سائن اپ لنک دیں تاکہ وہ سندیافتہ ہونے کے طریقوں کے بارے میں مزید جان سکیں) تجویز تجویز کریں۔
- اس تصویر اور فلائر کو اپنے سوشل میڈیا پر شائع کریں
- ہمارے استاد بھرتی کرنے والی ٹیم کو انسٹاگرام، فیس بُک اور انسٹاگرام، فیس بک، اور لنکڈ ان پر فالو کریں

امیدواروں کو چاہیے کہ مددگار وسائل کے لیے ہماری ویب سائٹ بشمول ایک رہنما کتابچہ برائے درخواست معلوماتی سیشنز، اور ہمارا آن لائن مددگار مرکز ملاحظہ کریں۔ ویب سائٹ بشمول ایک رہنما کتابچہ برائے درخواست، معلوماتی سیشنز، اور ہمارے آن لائن مددگار مرکز ملاحظہ کریں اس کے علاوہ، اہم شعبوں (جیسے ریاضی، سائنس، دولسانی تعلیم، خاص تعلیم، طرز معاش اور تکنیکی تعلیم، وغیرہ) میں سندیافتگی کی اہلیت کے حامل وہ امیدوار جو 15 جون تک خاص ضلعوں میں ایک عہدہ قبول کریں گے، ہمارے $1,000 کے دستیاب ابتدائی پُرعزمی وظیفے کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

ہم اپنی NYCPS برادری میں ہمارے نئے اساتذہ کا خیر مقدم کرنے کے متمنی ہیں— 75,000 سے زائد معلمین کی ایک مضبوط برادری۔ لہٰذا میں آپ سے کچھ وقت نکال کر اس پر غور کرنے کا کہہ رہا ہوں۔ کیا آپ کسی منجھے ہوئے یا جلد بننے والے اساتذہ کو جانتے ہیں؟ کیا وہ پُرجوش اور پُرعزم ہیں؟ کیا وہ ہماری کلاس پر اثرانداز ہو سکتے ہیں؟

اگر ایسا ہے، برائے مہربانی انہیں یہ پیغام پہنچائیں. ہم NYCPS میں روشن آغاز کرنے اور عمدہ مستقبل کی تعمیر کر رہے ہیں — اور ہم بھرتی کر رہے ہیں!

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:



ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube page پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS Families: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔